Department of Education
Chancellor David C. Banks

27 اپریل، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

بہار کے وقفے کے بعد ہماری اسکولی برادری محفوظ ہے۔ اس ماہ کے اوائل میں بھیجے جانے والے گھر میں کیے جانے والے COVID-19 کے ٹیسٹ کو استعمال کرنے کے لیے ہم آپ کا شکریہ ادا کر تے ہیں۔ جیسے نیو یارک شہر میں COVID-19 کے کیسز بڑھ رہے ہیں، ہم اگلی اطلاع آنے تک ہر ہفتے ہر طالبِ علم کو گھر پر کیے جانے والے COVID-19 کے چار ٹیسٹ فراہم کریں گے۔ دو ٹیسٹ آپ کے بچے کے استعمال کے لیے ہیں اور دو خاندان کے ارکان کے استعمال کے لیے ہیں۔ براہِ کرم ان ٹیسٹ کو ہر ہفتے استعمال کریں، کم سے کم پانچ دنوں کے وقفے سے، ماسوائے COVID-19 کی علامات ظاہر ہوں۔ براہِ کرم نوٹ کریں، اگر آپ کے بچے کا کلاس روم میں (COVID-19) سے سامنا ہوتا ہے تو پھر بھی آپ کا بچہ دو ٹیسٹ کِٹس اور صورتِ حال (سیچوئیشن روم) سے اطلاع کا خط موصول کرے گا اور اس کے بعد ہفتے کے دوران مزید دو ٹیٹ کِٹس موصول کرے گا۔

اگر آپ یا آپ کے گھر میں کسی۔ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، ہمیں خوشی ہے کہ 12 سال اور اس زیادہ کی عمر کے کچھ افراد کے لیے جنکا نتیجہ مثبت آتا ہے، موثر COVID-19 علاج، بشمول اینٹی وائرل ادویات دستیاب ہیں ۔ آپ ان ادویات کو اپنے ڈاکٹر یا صحتی نگہداشت فراہم کنندہ سے حاصل کر سکتے ہیں، یا آپ212-COVID-19 پر کال کر کے ایک طبی پیشہ ور سے علاج کے انتخابات پر بات کر سکتے ہیں۔ علاج اس وقت بہت اچھا کام کرتا ہے جب علامات کے آغاز کے بعد اسے جتنا جلد ممکن ہو شروع کر دیا جائے اور اس سے علامات کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے اور ہسپتال جانے سے بچنے میں مدد ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ذیل ملاحظہ کریں [COVID-19: When You Are Sick - NYC Health]۔

اگر میرے بچے کے ایک ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

- کنڈر گارٹن اور بڑی عمر کے بچے: براہِ کرم اپنے اسکول کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو پانچ ایام کے لیے گھر پر علیحدہ رکھیں۔ اگر آپکے بچے میں کوئی علامات نہیں ہیں یا علامات میں بہتری آرہی ہے (بشمول بغیر کسی۔ دوا کے استعمال کے 24 گھنٹے بخار نہ ہونا) تو وہ چھٹے دن اسکول آسکتا ہے۔ آپکے بچے کو اسکول میں مثبت ٹیسٹ کے بعد دس دن تک ایک درست فِٹ ہوا ماسک لازمی پہننا ہوگا۔
- پری کنڈر گارٹن اور چھوٹی عمر (کے بچے): براہِ مہربانی اپنے اسکول / پروگرام کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو دس دن کے لیے گھر پر علحیدہ رکھیں۔ آپ کا بچہ آپکے اسکول / پروگرام میں دسویں دن کے بعد آسکتا ہے۔
- تمام عمروں کے لیے:
  - براہِ کرم یاد رکھیں اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، آپ کا بچہ علیحدگی کے دورانیے کے دوران غیر ہم آہنگ ریموٹ تعلیم اور دفتری اوقات کا مستحق ہے۔
  - اگر آپ کے بچے کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے مزید اقدامات لینے کے لیے برائے مہربانی یہاں پر ہمارے COVID-19 رہنما چارٹس ملاحظہ کریں [schools.nyc.gov/2022Health]۔

Department of Education
Chancellor David C. Banks

میں ٹیسٹ کِٹ کے لیے ہدایات کو کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟

- تمام ٹیسٹ کِٹس شائع شدہ ہدایات کے ساتھ آتی ہیں، ٹیسٹ کرتے وقت آپ کو ان ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔ آپ یہاں پر اپنی ٹیسٹ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits۔

برائے مہربانی یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ روزانہ صحت کی جانچ کے فارم کو ہر روز مکمل کرتا ہے، جو کہ healthscreening.schools.nyc پر دستیاب ہے۔

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آلہ ہے۔ 5 سال اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے آپ vaccinefinder.nyc.gov پر جا کر یا 311 پر کال کر کے ایک وقت مقرر کر سکتے ہیں۔ یہ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔

12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین شدہ ہیں اور جنہوں نے اپنی دو خوراکوں پر مشتمل ویکسین کی دوسری خوراک کم از کم پانچ مہینے قبل لی ہے انکے لیے اب ویکسین بوسٹر ٹیکے بھی دستیاب ہیں۔ بوسٹر شاٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں جائیں www1.nyc.gov/site/doh/covid/covid-19vaccines.page#boost۔

آپ کی مستقل شراکت کا شکریہ۔

Dr. Cristina Meléndez

Dr. Cristina Meléndez
منتظم اعلیٰ
خاندانی اور اجتماعی شمولیت